بسم اللہ الرحمن الرحیم

In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

AHMADIYYA
MUSLIM JAMA'AT
Belgium

www.islamahmadiyya.be
info@islamahmadiyya.be
@AhmadiyyaBE

خلاصہ خطبہ جمعہ 26 جنوری 2024ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے غزوہ احد کا ذکر جاری رکھتے ہوئے آنحضرت ﷺ کو احد کی جنگ میں جو زخم پہنچے تھے ان کی تفصیل بیان فرمائی۔ اس قوم پر اللہ کا غضب انتہائی سخت ہو جاتا ہے جس نے رسول ﷺ کے چہرے مبارک کو زخمی کیا۔ لیکن آپ ﷺ جن پر خدا کی رحمت غالب تھی وہ اس زخمی حالت میں بھی اپنی قوم کیلئے بخشش کی دعا مانگ رہے تھے کہ وہ نادان ہیں انہیں بخش دے۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے زخم دھو رہی تھیں لیکن خون رک نہیں رہا تھا جس پر حضرت فاطمہ نے چٹائی جلا کر اسے آپ ﷺ کے زخموں پر لگایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اُحد کے دن فرشتوں کی جنگ میں شمولیت کے متعلق بعض روایات بیان کیں۔ فرمایا فرشتے صحابہ کیساتھ مل کر قتال کر رہے تھے، حضرت مصعب کی شہادت کے بعد ان کی جگہ ایک فرشتے نے جھنڈے کو تھام لیا۔ حضرت ابو اسحق کو سفید لباس میں ایک فرشتہ تیر لا لا کر دیتا جسے نہ پہلے کسی نے دیکھا نہ جنگ کے بعد۔ بعض روایات کے مطابق درہ چھوڑنے والوں کی حکم عدولی کے باعث فرشتوں کی مدد اُٹھالی گئی۔ جنگ احد میں فرشتوں کے سروں پر سرخ پگڑیاں تھیں، جسمیں غم اور دُکھ کا پہلو شامل تھا۔

بعد ازاں صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بہادری کے واقعات بیان کئے، آنحضرت ﷺ کی شہادت کی خبر سن کر حضرت انس بن نفر مزید بہادری کے ساتھ دشمن سے لڑنے لگے اور شہید کر دیئے گئے ان کے جسم پر ۷۰ زخم لگے دشمن نے ان کا مُثلہ کر دیا، کوئی انہیں پہچان نہ سکتا تھا آخر انگلی کے ایک نشان سے ان کی بہن نے انہیں پہچانا۔ باقی ذکر انشاء اللہ آئندہ بیان ہو گا۔

یمن کے احمدیوں کے لئے دعا کریں وہ آجکل کافی مشکلات میں گرفتار ہیں، اسی طرح مسلمانوں کی اکائی کیلئے دعا کریں، اللہ تعالیٰ ان میں وحدت پیدا کرے اور عقل اور سمجھ دے، آمین۔ دنیا کے عمومی حالات کیلئے دعا کریں بڑی تیزی سے جنگ کی طرف بڑھ رہے ہے اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ آمین بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بعض مرحومین کا ذکر خیر فرمایا۔

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن يَّهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلاَ هَادِیَ لَهٗ ۞وَاَشْهَدُ أَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه۞عِبَادَاللهِ رَحِمَكُمُ اللہُ۞اِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۞ اذْكُرُوا اللهَ يَذْكُرْ كُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ ۞

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89